

Marfat.com

ت ۔ م ل
339

انتساب

ایم اسلم قادری کے نام

نیاز مند
عبدالرزاق جنجوعہ

Marfat.com

53459

خطۂ پاک شرقپور شریف کے مآخذ

۱۔ خطۂ پاک اوچ ۔ مسعود حسن شہاب
۲۔ انڈین کاسٹ ۔ مسٹر ولـ
۳۔ پنجاب کاسٹ ۔ سر ڈینزل ابٹسن
۴۔ افغانستان کے قبائل ۔ ڈاکٹر
۵۔ ٹاڈ راجستان ۔ جیمز ٹاڈ
۶۔ تاریخ ہند ۔ مسٹر الفنـ
۷۔ سروے آف انڈیا ۔ جنرل کننگھم
۸۔ تاریخ اقوام عالم ۔ مرتضیٰ احمـ
۹۔ اقوام پاکستان ۔ عبدالرزاق جنجوعہ
۱۰۔ تاریخ ونور راجپوت ۔ عبدالرزا
۱۱۔ سرحد ماضی و حال کے آئینہ میں ۔ عبدالرزاق "
۱۲۔ ایران جدید در قرن بیستم ۔ عبدالرزا
۱۳۔ مناقب سلطانی ۔ سلطان حامد مرحوم
۱۴۔ اصحاب الرس ۔ سید نور علی ضا
۱۵۔ سکندر اعظم، پٹھان، مراد اعوان ۔ سید نور علی ضامن
۱۶۔ تاریخ پنجاب ۔ محمد لطیف
۱۷۔ معارف ۔ اٹکی ۔ سید نور علی ضامن
۱۸۔ ہندوستان کا مستقبل ۔
۱۹۔ پاکستان و عرب ۔ محمد اشرف خان عطا
۲۰۔ مسلمان اور غیر مسلم حکومت ۔ مولانا
۲۱۔ تاریخ شرقپور ۔ میاں محمد عاشق شرقپوری
۲۲۔ سلیم التواریخ ۔ صوفی محمد اکبر مرحوم

Marfat.com

پیش لفظ

خطہ پاک شرقپور شریف کو کتابی شکل میں پیش کرنے کی نہ تو خاکسار کو خواہش تھی اور نہ ہی اس کی ضرورت محسوس کرتا تھا۔ خزاں جا چکی تھی، بہار کے ابتدائی ایام میں مجھے اپنے لخت جگر دریام جنجوعہ کی لحد پر جانے کا اتفاق ہوا۔ شرقپور شہر کی تنگ اور پیچدار گلیوں سے جب میں گذر رہا تھا تو میری نگاہ ایک اشتہار پر پڑی۔ اس اشتہار میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ ۵ر اپریل تا ۷ر اپریل ۱۹۷۳ء کو شرقپور شریف میں اعلیٰ حضرت شیر ربانی میاں شیر محمد صاحبؒ کا سالانہ عرس ہو رہا ہے۔ دل میں نہ جانے کیسے کیسے خیال انگڑائیاں لینے لگے اور آخر میں نے یہی فیصلہ کیا، اس مبارک موقع پر کیوں نہ ہدیہ عقیدت پیش کروں لہٰذا کتاب ہذا اسی عقیدت سے پیش خدمت ہے۔ یہ کتاب ایک جائزہ ہے ــــ ایک تحقیق شدہ مقالہ ہے۔ تاریخ کے چند منتشر اوراق کو یکجا کیا گیا ہے۔ تاریخ شرقپور کو بہت محنت اور عرق ریزی سے مرتب کیا گیا ہے اسے قبول کیجیئے گا۔

العبد العاجز

عبدالرزاق جنجوعہ

یکم اپریل ۱۹۷۳ء

Marfat.com

ہدیہ عقیدت بہ حضور شہسوار طریقت حامی شریعت

حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ شرقپوری

لسان الحسان حضرت مولانا شاہ ضیاء القادری صاحب بدایونی مدظلہ کراچی

جہانِ فقر کے سلطاں میاں شیر محمدؒ ہیں
امام مجلس عرفاں میاں شیر محمدؒ ہیں

مجدد عارف دوراں میاں شیر محمدؒ ہیں
مقلد صاحب ایماں میاں شیر محمدؒ ہیں

امین رحمت یزداں میاں شیر محمدؒ ہیں
مکین روضۂ رضواں میاں شیر محمدؒ ہیں

عمدۂ اخیار میں جہاں میاں شیر محمدؒ ہیں
دل عشاق میں پنہاں میاں شیر محمدؒ ہیں

بزرگ و شیخ عالیشاں میاں شیر محمدؒ ہیں
ہر اک توصیف کے شایاں میاں شیر محمدؒ ہیں

گدا صدیق اکبر کے فدا فاروق اعظمؓ پر
مدیح حضرت عثمانؓ میاں شیر محمدؒ ہیں

نہ کیوں شیر نیستان ولایت سب کہیں انکو
علمدار شہ مرداں میاں شیر محمدؒ ہیں

در شیر خدا سے فیض باطن یہ ہوا حاصل
کہ شیر وادی دلبستاں میاں شیر محمدؒ ہیں

ہر اک نقش جبیں نقش سلیمانی کا پرتو ہے
جمال قاسم و سلماں میاں شیر محمدؒ ہیں

ملا ہے شاہ ہاشم قادری سے قادری فیضاں
فدائے خسرو جیلاں میاں شیر محمدؒ ہیں

نہ کیوں ہوں نقشبندی رشتہ نوری شیخ نورانی
کہ مہر مشرق عرفاں میاں شیر محمدؒ ہیں

ملی ہیں نعمتیں وہ خواجگان نقشبندی سے
مثال خواجۂ نعماں میاں شیر محمدؒ ہیں

امیر میکدہ میر کلال پاک ہیں جن کے
وہ مست بادۂ عرفاں میاں شیر محمدؒ ہیں

رسائی آپ کی ہے حضرت صدیق اکبرؓ تک
رسول پاک پر قرباں میاں شیر محمدؒ ہیں

مجدد الف ثانیؒ کے ہیں لاثانی مریدوں میں
وہ یکتا مرشد دوراں میاں شیر محمدؒ ہیں

مثال زندگی بعد فنا بھی قصر جنت میں
امیر الدین کے مہماں میاں شیر محمدؒ ہیں

جمیل احمد جو ہیں ابن غلام اللہ محفل ہیں
یہاں لاریب ضو افشاں میاں شیر محمدؒ ہیں

ضیا نور شفیع حشر سے معمور ہے سینہ
چراغ مجلس خوباں میاں شیر محمدؒ ہیں

Marfat.com

سرزمین شرقپور شریف

سرزمین شرقپور کے رہنے والو السلام
سرزمینِ شرقپور ہے مردِ کامل کا مقام

شرقپور کے رہنے والے کس قدر خوش بخت ہیں
فیض چشمے سے جو حاصل کر رہے ہر وقت ہیں

یہ وہ چشمہ میاں صاحبؒ کا یہاں دربار ہے
جس کا گنبد شرقپور کا مطلع انوار ہے

یا الٰہی آستانہ شرقپور قائم رہے
جب تلک دنیا میں دم ہے فیض یہ دائم رہے

وہ جو متلاشی ہیں راہ حق کے آئیں اسطرف
راستہ اللہ کے ملنے کا پائیں اس طرف

نجم نعمانی نہیں بہتر بس اب طول کلام
راز یوں ظاہر نہ کر بس دے کہہ دے السلام

نجم نعمانی

Marfat.com

ادب اے دل ادب یہ روضۂ شیر محمدؒ ہے
یہاں پر شیر بھی آ کر ادب سے جھک کے جاتے ہیں

محمد اسلم سلیم
ایڈووکیٹ
دیفروزوالا،

Marfat.com

باب اوّل

شرقپور تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ کا ایک قصبہ تھا جو اب شہر بن چکا ہے۔ لاہور سے بتیس میل پر واقع ہے۔ رات کے دس بجے سے صبح چار بجے تک دنیا سے منقطع رہتا ہے۔ اس کی بھی ایک وجہ ہے۔ رات کو آمدورفت کا کوئی ذریعہ نہ ہونے کی وجہ سے رات کے ان چھ گھنٹوں کے وقفہ میں شرقپور شریف کے لوگ بے بس ہو کر رہ جاتے ہیں۔

اس شہر کی تاریخ اتنی طویل نہیں کہ جتنی خیال کی جاتی رہی ہے۔ میاں محمد عاشق شرقپوری رح نے تاریخ شرقپور شریف ۱۹۵۰ء میں پیش کی تھی۔ ان کی تحقیق اور مطالعہ سے یہی اندازہ لگایا گیا ہے کہ فاضل مصنف نے انتہائی محنت و کاوش سے تاریخ شرقپور مرتب فرمائی تھی۔ کتاب مذکورہ چونکہ میاں صاحب کی فرمائش پر لکھی گئی تھی لہٰذا اُسے مذہبی رنگ زیادہ دیا گیا اور تاریخی لحاظ سے نامکمل چھوڑ دی گئی تھی۔

شرقپور شریف کو جو رفعت اور سعادت بخشی گئی ہے اس کی وجہ فقط اعلیٰ حضرت شیر ربانی میاں شیر محمد صاحب رح کی ذات گرامی تھی۔ یہ قصبہ ارائیں قبیلہ کے لوگوں نے آباد کیا تھا جسے بعد میں شیخ، قاضی (بھٹی)، خوجہ قبائل نے اور بھی رونق بخشی۔ قیام پاکستان کے ایام ۱۹۴۷ء میں بے شمار مہاجرین نے ہجرت کر کے یہاں سکونت اختیار کر لی ہے۔ لہٰذا ان دنوں شرقپور میں مختلف قبائل نے سکونت اختیار کر رکھی ہے۔ پنجاب کے اکثر قبائل جن کی فہرست ذیل میں دی جا رہی ہے ان میں سے چند ایک شرقپور شریف میں مقیم ہیں۔

آل سادات کے علاوہ راجپوت اور غیر راجپوت جن کی اکثریت عربی النسل قبائل ایرانی، ترک، تاتاری اور پٹھان (پختون وغیرہ) شامل ہیں۔ ان کی گنتی سینکڑوں تک

Marfat.com

ہے جن میں سے چند ایک کے نام ذیل میں درج ہیں۔ ان سب کی تفصیلات اقوام "اقوام پاکستان" کی مختلف جلدوں میں پہلے پیش کی جا چکی ہیں۔ مزید کو عنقریب "اقوام پاکستان اور پنجاب دیس کے لوگ" ہر دو کتابوں میں پیش کرنے کا اہتمام کر دیا گیا ہے میری دیگر کتابیں عنقریب شائع ہونے والی ہیں۔

۱۔ اودی جٹ	۲۔ اٹک جٹ
۳۔ اعوان عربی النسل	۴۔ اٹخ اروڑہ جٹ
۵۔ اروڑہ	۶۔ آھیر
۷۔ آھیری	۸۔ آگری
۹۔ ابدال	۱۰۔ ارائیں (عربی النسل الراعی قبیلہ کی ایک شاخ)
۱۱۔ اپیال	۱۲۔ اعینی
۱۳۔ اومٹ	۱۴۔ اطراس
۱۵۔ انبارانی	۱۶۔ بلوچ
۱۷۔ بھٹی	۱۸۔ بیٹو (پنوار خاندان کی ایک شاخ)
۱۹۔ بی	۲۰۔ باجوہ
۲۱۔ بلوسن	۲۲۔ بھبہ (بھبہ ارائیوں کے علاوہ راجپوت بھی مشہور ہیں)
۲۳۔ بدھالی	۲۴۔ بھاکرال
۲۵۔ بادوزئی (پٹھان)	۲۶۔ بھکر
۲۷۔ بینس	۲۸۔ باچھیل
۲۹۔ بڑو جٹ	۳۰۔ بڑگوجر
۳۱۔ نیپال	۳۲۔ بڑہیلا
۳۳۔ بللا	۳۴۔ باگل
۳۵۔ پنوار	۳۶۔ پنڈال
۳۷۔ پٹھان (پختون)	۳۸۔ بریاہ

Marfat.com

۳۹ - بھاٹیہ
۴۰ - بڑگلہ
۴۱ - بھدرویہ
۴۲ - بڑیسری
۴۳ - پٹھانیہ
۴۴ - پٹیال
۴۵ - پوربیہ
۴۶ - پاربیہ
۴۷ - تور (تنور - تنوار)
۴۸ - تارڑ
۴۹ - تھم
۵۰ - تاؤن
۵۱ - تاؤنی
۵۲ - بال جٹ
۵۳ - پنوں جٹ (یہ بلوچ بھی ہیں)
۵۴ - جادو
۵۵ - جاٹو (تور خاندان کی ایک شاخ)
۵۶ - جوئیہ
۵۷ - چب
۵۸ - چاندیل
۵۹ - چھینہ
۶۰ - چھینی
۶۱ - جنجوعہ (راجپوت)
۶۲ - چدھڑ
۶۳ - چھیمبہ
۶۴ - خاکوانی (پختون)
۶۵ - چانڈیو، ۸۶۵ - چوہان
۶۶ - چیمہ
۶۷ - بٹر جٹ
۶۸ - چہل
۶۹ - چوغطہ
۷۰ - چھیال
۷۱ - چھبیلہ
۷۲ - خانزادہ
۷۳ - جرال
۷۴ - ججوال
۷۵ - جنگھارا
۷۶ - جبوال
۷۷ - چیبہ
۷۸ - دھاریوال
۷۹ - روتیلا
۸۰ - روہیلا
۸۱ - ریکوار
۸۲ - رجوکہ
۸۳ - ڈاہا
۸۴ - ڈوڈمال

Marfat.com

۸۵۔ ڈڈو ۸۶۔ ڈھنڈی
۸۷۔ داؤد پوترے (راجپوت کے علاوہ عربی النسل مشہور ہیں) ۸۸۔ سیال
۸۹۔ سکھیرا ۹۰۔ سومرو (سومرا)
۹۱۔ سردہید ۹۲۔ سیکز
۹۳۔ سلہریہ ۹۴۔ سولنگی
۹۵۔ بھونی گرا ۹۶۔ سیرڈیا
۹۷۔ ساراے ۹۸۔ سُرا
۹۹۔ سوزوئی (پختون) ۱۰۰۔ سوہل
۱۰۱۔ مہرل ۱۰۲۔ کوشل۔ کوتلس
۱۰۳۔ کوشک ۱۰۴۔ قائم خانی
۱۰۵۔ کاٹھیہ ۱۰۶۔ کٹیا
۱۰۷۔ کھچی ۱۰۸۔ کٹوچ
۱۰۹۔ گکھڑے ۱۱۰۔ کمبوہ
۱۱۱۔ کھوکھر ۱۱۲۔ کھچر
۱۱۳۔ کھوکہ ۱۱۴۔ گوانیرہ
۱۱۵۔ گوڑ ۱۱۶۔ گھرمال
۱۱۷۔ گونل ۱۱۸۔ گھیبہ
۱۱۹۔ گھوٹہ ۱۲۰۔ کھرل راجپوت
۱۲۱۔ تمول ۱۲۲۔ کھروال
۱۲۳۔ گلے ۱۲۴۔ کٹاریہ۔ شیخ
۱۲۵۔ گوندل ۱۲۶۔ گوہل
۱۲۷۔ کاہلون ۱۲۸۔ کانل
۱۲۹۔ کانیال ۱۳۰۔ ٹھاکر

Marfat.com

۱۳۱ - گورچانی	۱۳۲ - دریشک
۱۳۳ - گانڈھی	۱۳۴ - گورابہ
۱۳۵ - کھتیران (بلوچ)	۱۳۶ - کھگہ
۱۳۷ - کھگ	۱۳۸ - دھندسہ
۱۳۹ - مید	۱۴۰ - منگت
۱۴۱ - میکن	۱۴۲ - کھوٹ
۱۴۳ - رعیہ	۱۴۴ - دھنیال
۱۴۵ - کتھوال	۱۴۶ - سانجھا
۱۴۷ - لنگڑیال	۱۴۸ - ٹمورگر
۱۴۹ - ٹبی لنڈ	۱۵۰ - لغاری (بلوچ)
۱۵۱ - مرّو	۱۵۲ - راٹھور
۱۵۳ - لشکاہ	۱۵۴ - فقیر
۱۵۵ - ناگرہ	۱۵۶ - نول (بھٹی)
۱۵۷ - ورٹایچ	۱۵۸ - ڈلو
۱۵۹ - ہرل	۱۶۰ - مرل
۱۶۱ - ہنجراہ	۱۶۲ - علی جٹ
۱۶۳ - قریشی	۱۶۴ - ہاشمی
۱۶۵ - نارو راجپوت	۱۶۶ - رگل
۱۶۷ - موہل	۱۶۸ - مان
۱۶۹ - صفر	۱۷۰ - درک
۱۷۱ - لودکی	۱۷۲ - لودھی (پختون)
۱۷۳ - دھتار	۱۷۴ - منج
۱۷۵ - ملے زئی (پختون)	۱۷۶ - رندصاوا -

Marfat.com

۱۷۷ - رانجھا
۱۷۸ - مہتہ
۱۷۹ - کھوواہ
۱۸۰ - لڈو
۱۸۱ - لوناری
۱۸۲ - لشاری
۱۸۳ - داہمہ
۱۸۴ - لون
۱۸۵ - منہاس
۱۸۶ - منڈاہر
۱۸۷ - مہرل
۱۸۸ - ملکانہ
۱۸۹ - میواتی
۱۹۰ - ہاڑ
۱۹۱ - ٹوانہ
۱۹۲ - جرال
۱۹۳ - رینہ
۱۹۴ - نگوں
۱۹۵ - دہرہ
۱۹۶ - چھڑا
۱۹۷ - سہگل
۱۹۸ - بھراڑہ
۱۹۹ - گورواڑہ
۲۰۰ - پسیجاں
۲۰۱ - سیام
۲۰۲ - گگوتر
۲۰۳ - وسیر
۲۰۴ - سپرا
۲۰۵ - بھوہڑ
۲۰۶ - راجہ
۲۰۷ - بار
۲۰۸ - رہان
۲۰۹ - کلکان
۲۱۰ - نیکوکارہ
۲۱۱ - ہنجراہ
۲۱۲ - سنگرا
۲۱۳ - سنگا
۲۱۴ - دھنیال
۲۱۵ - ستی
۲۱۶ - صیراج
۲۱۷ - عید
۲۱۸ - گوجر
۲۱۹ - دھندسا
۲۲۰ - جکھراہ
۲۲۱ - کوڑیانہ
۲۲۲ - اٹھوال

Marfat.com

۲۲۳ - انصاری
۲۲۴ - سین
۲۲۵ - پال
۲۲۶ - لون
۲۲۷ - چیمہ
۲۲۸ - کلیار
۲۲۹ - ماصنی
۲۳۰ - مرالی - سیال
۲۳۱ - کوڑیانہ
۲۳۲ - نرٹھال
۲۳۳ - سرگانہ - سیال
۲۳۴ - دولتانہ - جوہیہ
۲۳۵ - گگرہ
۲۳۶ - ڈولے
۲۳۷ - راحیل
۲۳۸ - راسے - ارائیں
۲۳۹ - جتالے - ارائیں
۲۴۰ - سنگھی - کھوکھر
۲۴۱ - سانڈہ
۲۴۲ - گوہیر
۲۴۳ - سنپال
۲۴۴ - گنگو
۲۴۵ - بلگوریا
۲۴۶ - ڈولے - ارائیں
۲۴۷ - بھیلے
۲۴۸ - سجراہ
۲۴۹ - شوری
۲۵۰ - آردڑہ - شیخ

Marfat.com

باب دوم

شرقپور میں ارائیں قوم کی آمد کے بارے میاں محمد عاشق شرقپوری صاحب نے تاریخ شرقپور کے صفحہ ۱۳۱ پر یوں تحریر فرمایا۔

"ساہیوال اور علاقہ چونیاں میں موکل قوم جو بڑی جنگجو طاقتور اور بہادر مقیم تھی جن کی بالادستی اور تشدد سے تنگ آکر ارائیں قبیلہ کے لوگوں نے ہجرت کر کے شرقپور کے علاقہ میں سکونت اختیار کر لی"۔

دوسری وجہ جو انہوں بیان فرمائی۔ لکھتے ہیں کہ دلو اور چندڑ قبائل کی جنگ و جدل کے پریشان کن نتائج کی وجہ سے اکثر قبائل پریشان حال تھے۔ چنڈور وہاں سے ہجرت کر کے علاقہ شیخوپورہ میں آکر قیام کر بیٹھے تھے۔

نوٹ:۔ چنڈور ارائیں قبیلہ کی ایک شاخ ہے۔

تیسری وجہ یہ تھی جبکہ علاقہ دیپالپور اور ساہی وال وغیرہ میں قحط پڑا تو حضرت شیخ قائم محمد نے شاہجہان بادشاہ وقت سے درخواست کی تھی کہ علاقہ لاہور کے قریب وسیع اراضی جو جنگلات پر مشتمل تھی وہاں وہ آباد ہونے کے خواہش مند تھے۔ لہٰذا شاہجہاں نے قبول فرما کر فرمان صادر کیا۔ بے شمار ارائیں اور چند ایک دیگر قبائل اس علاقہ میں آکر سکونت اختیار کر بیٹھے تھے"۔

نوٹ:۔ میاں محمد عاشق شرقپوریؒ کے مندرجہ بالا بیان سے اکثر ارائیں قوم کے افراد کو اختلاف ہے۔ جس کی ایک جھلک آگے درج کی جاتی ہے۔

شرقپور کی بنیاد ۱۰۷۱ھ میں رکھی گئی تھی۔ غالباً یہ قصبہ ۸۰۰ھ میں پہلی بار آباد ہوا تھا۔ دو سو سال بعد چونکہ راوی کی طغیانی کی وجہ سے شرقپور تباہ ہو گیا تھا لہٰذا چند سال بعد جب دریا نے اپنا رخ بدلا تو دوبارہ اسے آباد کیا گیا۔

Marfat.com

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ شرقپور کا نام حساب ابجد سے طے پایا گیا تھا۔ اس قصبہ کے نام کو ذیل میں درج شدہ اشخاص کے صلاح مشورہ سے رکھا گیا تھا۔
حافظ جمال، شیخ علی، حافظ برہان، حافظ احمد، محمد امین، محمد یوسف وغیرہ
(بحوالہ تاریخ شرق پور)

اس قصبہ کے نام کے بارے میں یہ بھی مشہور ہے (صد ۱۶ تاریخ شرقپور)۔
چونکہ ۸۰۸ھ مطابق ۱۴۰۵ء میں دہلی سلطان محمود مبارک شاہ شرقی کے ہاتھ تھا ان ہی دنوں مبارک شاہ فوت ہوا اور شاہ شمس الدین ابراہیم شاہ شرقی حاکم بن گیا۔ پس شاہان شرقی کے عہد حکومت کی وجہ سے اس قصبہ کا نام بھی شرقپور رکھ دیا گیا تھا۔
اس قصبہ کی تعمیر اور بنیاد بموجب فرمان عالیشان بادشاہ شاہجہان بنام صالح ۱۰۶۵ھ مطابق ۱۶۵۵ء ملتی ہے۔ (بحوالہ تاریخ شرق پور)
شرقپور شہر کے نام کی کئی ایک کہاوتیں جن کی وجہ تسمیہ مختلف سنی گئی ہیں۔ ان میں صداقت کم اور قیاس آرائیاں زیادہ ہیں۔ مختصر یوں کہ شرقپور شریف ایک قصبہ ہے جو سارے پنجاب میں مشہور ہے۔ جس کی اصل شہرت فقط میاں شیر ربانی شیر محمد شرقپوری ہیں۔
شرقپور شریف جو ان دنوں تحصیل فیروزوالا ضلع شیخوپورہ میں شمار ہوتا ہے۔ اپنا مقام حاصل کر چکا ہے۔ یہ قصبہ پنجاب کے علاوہ پاکستان کے دیگر صوبوں میں بھی مشہور ہو چکا ہے۔ ۱۸۵۱ء میں تحصیل شیخوپورہ ضلع گوجرانوالہ میں شمار ہوا کرتی تھی جبکہ ضلع گوجرانوالہ کی چار تحصیلیں تھیں۔ ۱۔ گوجرانوالہ ۔ ۲۔ رام نگر ۔ ۳۔ حافظ آباد ۔ ۴۔ شیخوپورہ۔
برٹش انڈیا گورنمنٹ کے احکامات کی رو سے ۱۸۵۵ء میں شیخوپورہ کو تحصیل شرقپور جو ضلع لاہور میں شامل تھی، ملحق کر دیا گیا۔ ۱۸۹۳ء میں ضلع گوجرانوالہ میں نئی تبدیلی کی گئی اور خانقاہ ڈوگراں کو تحصیل بنا دیا گیا۔ اس طرح نئی نئی تبدیلیاں ظہور میں آتی رہیں اور ۱۹۱۰ء میں تحصیل شرقپور کو ایک بار پھر ضلع گوجرانوالہ میں شامل کر دیا گیا۔ بالآخر ۱۹۱۹ء میں شیخوپورہ کو جدا ضلع بنا دیا گیا۔ تحصیل خانقاہ ڈوگراں اور تحصیل شرقپور کو ضلع شیخوپورہ میں شمار کیا جانے لگا۔ ان دنوں شرقپور کو تحصیل فیروزوالا میں شمار کیا جاتا ہے۔ ۱۹۲۲ء میں شرقپور کو سب

Marfat.com

تحصیل کا درجہ حاصل ہوا۔ ضلع شیخوپورہ کے ۱۱۰۰ دیہات ہیں۔

تحصیل شیخوپورہ ——— ۲۵۷

تحصیل فیروزوالا ——— ۳۷۶

تحصیل ننکانہ ——— ۴۶۷

ضلع شیخوپورہ کی مردم شماری کے اعداد ذیل میں درج ہیں۔

نام تحصیل	۱۹۶۱ء
تحصیل شیخوپورہ	۵۳۱۱۹۷
" ننکانہ صاحب	۲۹۰۱۰۰
" فیروزوالا	۲۵۹۶۶۱
مجموعی آبادی ضلع شیخوپورہ	۱۰۸۰۹۵۸
آبادی شرقپور شریف	۱۴۰۰۴

ضلع شیخوپورہ میں مختلف قبائل آباد ہیں۔

آل سادات، راجپوت، جٹ، شیخ اور غیر زراعت پیشہ قبائل شرقپور شریف کے ملحقہ قصبات میں جن قبائل کی کثرت آبادی ہے ان کے نام ذیل میں درج ہیں۔

۱۔ آل سادات	۲۔ کھرل
۳۔ ورک	۴۔ بھٹی
۵۔ ڈوگر	۶۔ چدڑ
۷۔ جٹ	۸۔ ارائیں
۹۔ کھوکھر	۱۰۔ راجپوت

شرقپور کی آبادی بحوالہ مردم شماری ۱۸۸۱ء، ۴۵۹۵ نفوس تھی۔ ۱۹۷۲ء کی مردم شماری سے شرقپور کی آبادی ۱۴۰۰۴ ہو چکی ہے۔ ۹۲ سال میں شرقپور کی آبادی میں ۹۴۰۹ کا اضافہ ہوا ہے۔

Marfat.com

آبادی ۱۸۸۱ء	مسلم	۳۸۵۴
	ہندو	۵۴۶
	سکھ	۱۹۶

٥ شرقپور بلدیہ کا آغاز ۱۸۷۴ء میں ہوا تھا۔

٥ سنہ ۱۸۸۱ء میں شرقپور میں مکانات کی کل تعداد ۹۳ تھی۔

(بحوالہ لاہور گزیٹر)

بلدیہ شرقپور شریف

بلدیہ شرقپور شریف جس کا آغاز ۱۸۷۴ء میں ہوا تھا۔ اس کا دفتر وسط شرقپور میں ہے۔ ان دنوں جناب اعجاز احمد چیمہ پی سی ایس اسسٹنٹ کمشنر ایڈمنسٹریٹر ہیں۔

نوٹ:- شرقپور کی آبادی بحوالہ فوڈ کنٹرولر آفس شرقپور تقریباً انیس ہزار بیان کی گئی تھی۔

شرقپور شریف میں ان دنوں مسلم آبادی کے علاوہ غیر مسلم میں عیسائی لوگ بھی آباد ہیں۔ عیسائی مذہب کے افراد میں تین اہم گروہ ہیں۔

۱- رومن کیتھولک

۲- پروٹسٹنٹ

۳- امریکن مشن

۱- رومن کیتھولک

رومن کیتھولک فرقہ کے لوگ بھی شرقپور میں مقیم ہیں۔ جن کا سرکردہ پادری فیروز ان کی عبادت کرانے کے فرائض سرانجام پہنچاتا ہے۔

۲- پروٹسٹنٹ

شرقپور شریف میں پروٹسٹنٹ گروپ کے سربراہ پادری ہماشا مسیح ہیں جو گذشتہ چالیس سال سے پروٹسٹنٹ گروپ کی خدمت اور عبادت کرانے کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ اس گروہ کا ایک گرجا ہے جو بلدیہ شرقپور کے بالمقابل شرک کے بائیں جانب واقع ہے۔

Marfat.com

شجرہ نسب اعلیٰ حضرت میاں شیر ربانی میاں شیر محمد صاحبؒ

حضرت میاں ہاشم

حافظ محمد

میاں صالح محمد

حافظ محمد عمر

میاں محمد حسین — میاں بدرالدین — میاں قمرالدین — مسماۃ حافظاں — مسماۃ فاطمہ

میاں شہاب الدین — مسماۃ نیک بی بی

میاں محمد عثمان

حضرت میاں عزیزالدین — میاں حمیدالدین — میاں نظام الدین — عزیزہ بیگم

میاں رحمت اللہ — میاں غلام کبریا — میاں محمد الدین قصوری

اعلیٰ حضرت میاں شیر محمدؒ — حضرت ثانی میاں غلام اللہؒ

مخدوم حضرت میاں غلام احمد (ولادت ۴ جولائی ۱۹۲۴ء بروز جمعہ) — مخدوم حضرت میاں جمیل احمد

رؤف احمد — ابوبکر — مرغوب احمد — غلام نقشبند — خلیل احمد — جلیل احمد — سعید احمد

Marfat.com

باب سوئم

شیخ

شرقپور شریف میں ارائیں اور شیخ (خوجہ) دو ہی اہم قبیلے ہیں۔ جنہوں نے اس شہر کی تعمیر و ترقی میں نمایاں حصہ لیا ہے۔ البتہ ان دونوں قبائل کے باہمی اختلافات کی وجہ سے کئی اہم تعمیری منصوبوں کو پس پشت ڈال دیا گیا ہے۔ ارائیں قبیلہ کا ذکر گذشتہ صفحات پر کیا جا چکا ہے اب اس باب میں شیخ قبیلہ کا مختصر ذکر کرتا ہوں۔ تجارت انہوں نے اپنے ہاتھ میں تھام رکھی ہے۔ مختصر یوں کہ اس قبیلہ نے شرقپور شریف اور اس کے گرد و نواح کے قصبات کے لوگوں کی روزمرہ کی ضروریات زندگی کی اہم اشیاء کی ایجنسیاں اپنے ہاتھ لے رکھی ہیں۔ جیسے کہ میں "پنجاب دیس کے لوگ" میں لکھ چکا ہوں کہ شیخ اور خوجہ قبائل نے پنجاب کے علاوہ پاکستان کے دیگر صوبوں میں بھی کاروباری میدان میں دیگران سے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور نمایاں کامیابی کیے ہوئے ہیں۔

ان دنوں جب کہ عالمگیر اخوت اور امن کی باتیں ہو رہی ہیں۔ جس کے برعکس جنگ و جدل، خون خرابہ، قتل و غارت، مار دھاڑ کا بازار بھی گرم ہے۔ میں اس بات کی وضاحت ایک بار پھر کیے دیتا ہوں۔

عربی کو عجمی پر اور عجمی کو عربی پر کالے کو سرخ سفید پر کوئی فضیلت یا برتری کی ترجیح نہیں ہے۔ ہم سبھی اولاد آدم ہیں۔ آدم چونکہ مٹی سے پیدا ہوا تھا اور مرنے کے بعد خاک ہو جانا لازمی امر ہے۔ البتہ نیک کردار اور نیک عمل سے انسان اعلیٰ مقام حاصل کر سکتا ہے محنت و مشقت، دینداری، ایمان داری ہی انسان کو بلند مقام پر لے جا سکتی ہے قومیت کے بتوں کو پاش پاش کیا جا رہا ہے۔ قومیت کی سی چیز ایام حاضرہ میں تعمیری کام کرنے میں جہاں رکاوٹ بن رہی ہے اگر صحیح معنوں میں قومیت کے الفاظ پر غور کیا جائے

Marfat.com

تو بے شمار مسائل حل بھی ہوتے ہیں۔ یہی قومی نظریہ ہمیں عالمگیر امن، اخوت اور تعمیری منصوبوں میں مدد بھی دے سکتا ہے۔ قومیت فقط پہچان کے لئے ہیں۔ قومیت کا نام بلند رکھنے کی خواہش دل میں لے کر ہم پاکیزہ کردار کے حامل ہو سکتے ہیں۔ قومیت جیسی شے اگر فضول ہوتی تو اس کا ذکر قرآن پاک میں کبھی نہ کیا گیا ہوتا۔ البتہ بہتر انسان وہ ہے جو دیگراں سے زیادہ نیک اور بلند اخلاق حامل ہو۔

شیخ لفظ کی وضاحت جناب شیخ سراج الدین احمد مرحوم نے "تاریخ کا ایک ورق" میں یوں فرمایا تھا۔

" عربی زبان کا لفظ شیخ جس کی جمع شیوخ یا مشائخ ہے۔ متعدد معانی کا حامل ہے مثلاً بوڑھا، سردار، حاکم، سرکردہ، رئیس، پیشوا، ہادی، متقی، حکمران، پیرومرشد قبیلہ کا سردار، رہبر، خاندان کا بزرگ، عالم دین، ادارہ کا اعلیٰ افسر وغیرہ وغیرہ۔"

شیخ لفظ ان حضرات نے اپنے نام کے ساتھ چسپاں کیا ہے جو نومسلم ہیں البتہ بیشمار عربی النسل قبائل نے بھی شیخ کہلوانا شروع کر دیا تھا جو اب صدیوں بعد ہمارے معاشرہ میں ایک قوم (قبیلہ) کی شکل اختیار کر چکی ہے۔

شیخ سراج الدین احمد مرحوم نے شیخ کہلوانے والی چند ایک قوموں کے نام یوں تحریر فرماتے تھے۔

۱۔ آل سادات	۲۔ شیخ قریشی
۳۔ شیخ صدیقی	۴۔ شیخ فاروقی
۵۔ شیخ انصاری	۶۔ شیخ کشمیری
۷۔ شیخ بھرائی	۸۔ شیخ ککے زئی
۹۔ شیخ کانونگو	۱۰۔ شیخ نومسلم
۱۱۔ شیخ کھترانا	۱۲۔ شیخ اروڑا

شیخ اور خواجہ یا خوجہ

قبل از تقسیم ہند امرتسر میں ایک آل انڈیا شیخ برادری کی کانفرنس منعقد ہوئی تھی۔

53459

Marfat.com

جس میں یہ طے پایا گیا تھا کہ آئندہ شیخ کی بجائے خواجہ کہلوایا جائے جو لبعد ازاں خوجہ مشہور ہو گیا۔ ذیل میں شیخ یا خوجہ قبائل کی گوتوں یا شاخوں کی فہرست درج کرتا ہوں۔ ان ہی ناموں سے یہ لوگ مشہور ہیں۔ جن میں سے چند ایک شرقپور شریف میں بھی آباد ہیں۔

الشیخ

پاکستان میں مقیم قبائل کی تقسیم تین طرح کی ہے۔

۱۔ آلِ سادات

۲۔ عربی النسل

۳۔ مسلم راجپوت

پاکستان میں مقیم شیخ قبیلہ کے افراد ان ناموں سے مشہور ہیں۔

۱۔ شیخ صدیقی	۲۔ شیخ فاروقی
۳۔ " قریشی	۴۔ " انصاری
۵۔ " کشمیری	۶۔ " بھرائی
۷۔ " ککے زئی	۸۔ " قانونگو
۹۔ " نومسلم	۱۰۔ " کھتری
۱۱۔ " اروڑا	۱۲۔ " خواجہ

شیخ قبیلہ کی گوتیں

(بحوالہ تاریخ کا ایک ورق) از شیخ سراج الدین احمد مرحوم

۱۔ سدھانے	۲۔ مونگے
۳۔ چاولے	۴۔ کٹاریے
۵۔ ببر	۶۔ بنبل
۷۔ مدان	۸۔ نروالے
۹۔ گابے	۱۰۔ دکھولے
۱۱۔ گمریجے	۱۱۔ دُدھوے

Marfat.com

۱۳- دھینگڑے
۱۴- ہنس
۱۵- سیج ڈے
۱۶- کبھرلے
۱۷- ککڑیجے
۱۸- ریلے
۱۹- پھیٹیلے
۲۰- بتے
۲۱- نارگ
۲۲- ناگ
۲۳- نارووالی خواجگان
۲۴- گوجرانوالے خواجگان
۲۵- جہلمی خواجگان
۲۶- کھرادنہ
۲۷- جاٹے
۲۸- سچدیو
۲۹- چانٹے
۳۰- چھوکرے
۳۱- دھیڑ
۳۲- ڈگریجے
۳۳- خدابندے
۳۴- ٹکس
۳۵- دوہرہ
۳۶- دوھادن
۳۷- گورواڑے
۳۸- کپور
۳۹- بھراڑہ
۴۰- مغل
۴۱- پسریچہ
۴۲- سہگل
۴۳- دھینگڑے
۴۴- چھبڑے
۴۵- آنول
۴۶- پوری
۴۷- تلواڑ
۴۸- چاندانہ
۴۹- کتھوریا
۵۰- چاولہ
۵۱- بٹلہ
۵۲- بارسی
۵۳- بیدی
۵۴- مہندی رتے
۵۵- جملانے
۵۶- بتوڑنے
۵۷- ٹوپے
۵۸- چچابڑا

Marfat.com

۵۹ - چھابڑا
۶۰ - سوبچے
۶۱ - گابہ
۶۲ - سیٹھی
۶۳ - ڈھائی گرے
۶۴ - ست گھرے
۶۵ - مجلے
۶۶ - سرولنے
۶۷ - کالئے
۶۸ - اہلووالئے
۶۹ - سپاں ڈالئے
۷۰ - دفتری
۷۱ - مہتہ
۷۲ - اپل
۷۳ - بھنڈاری
۷۴ - کھوسلہ
۷۵ - بجاج
۷۶ - ریوڑی
۷۷ - کپور
۷۸ - چوپڑے
۷۹ - کھنہ
۸۰ - ساہنی
۸۱ - ساہنس
۸۲ - سرین
۸۳ - نندہ
۸۴ - سوتی
۸۵ - سود
۸۶ - سبرتے
۸۷ - انند
۸۸ - ابہٹ
۸۹ - پنج ندے
۹۰ - مدی
۹۱ - سوہڑی
۹۲ - ککران
۹۳ - کوچہڑ
۹۴ - گانڈی
۹۵ - ڈھوڑی
۹۶ - دوھون
۹۷ - بڑ
۹۸ - میڈ
۹۹ - مردتمرے
۱۰۰ - راول
۱۰۱ - کپور
۱۰۲ - رجانے
۱۰۳ - ٹھیٹی
۱۰۴ - نندے

Marfat.com

۱۰۵ - واسدیو
۱۰۶ - اوپاویجے
۱۰۷ - اچھرپوجانی
۱۰۸ - آہوجے
۱۰۹ - اہلاں واہمئے
۱۱۰ - اجھٹ
۱۱۱ - بھیڑ
۱۱۲ - بھل
۱۱۳ - ہوجے
۱۱۴ - بہوسری
۱۱۵ - بودھوراجے
۱۱۶ - پردھتی
۱۱۷ - پوپلی
۱۱۸ - پسریجے
۱۱۹ - پھوٹیلے
۱۲۰ - تھنیجے
۱۲۱ - تکڑ
۱۲۲ - ٹھکرال
۱۲۳ - جھانبہ
۱۲۴ - چکھ
۱۲۵ - ڈھینگڑے
۱۲۶ - دھون
۱۲۷ - دوسئے
۱۲۸ - دہوجے
۱۲۹ - طوجے
۱۳۰ - سنگھوٹیے
۱۳۱ - سوڈھی
۱۳۲ - سیتیے
۱۳۳ - سیٹھی
۱۳۴ - تسکیری
۱۳۵ - کالڑے
۱۳۶ - کوکڑیجے
۱۳۷ - کھربندے
۱۳۸ - کھڑ
۱۳۹ - کھرتے
۱۴۰ - کھورانے
۱۴۱ - کھنڈپوریئے
۱۴۲ - کھیتر پال
۱۴۳ - گوگلانی
۱۴۴ - گھلاٹیہ
۱۴۵ - گوریجے
۱۴۶ - گنڈ
۱۴۷ - گھمار
۱۴۸ - گودوواٹے
۱۴۹ - گھوترے
۱۵۰ - لاکھے

Marfat.com

۱۵۱ - نانگ ٹھلے
۱۵۲ - مکڑ
۱۵۳ - مروترے
۱۵۴ - مکھیجے
۱۵۵ - منگلانی
۱۵۶ - پنجندے
۱۵۷ - منوچے
۱۵۸ - نرولے
۱۵۹ - دگھاونے
۱۶۰ - درمانی
۱۶۱ - دودھڑے
۱۶۲ - اسرانی
۱۶۳ - بگے
۱۶۴ - چوٹیار
۱۶۵ - شوری
۱۶۶ - گاوڑی
۱۶۷ - گبر
۱۶۸ - سوٹے
۱۶۹ - درج
۱۷۰ - کھکھران
۱۷۱ - قندھاری
۱۷۲ - سندھورے
۱۷۳ - زترے
۱۷۴ - درگن ۔
۱۷۵ - چوچرے

شجرہ نسب خواجہ نارگ شرقپور (بحوالہ تاریخ شرقپور ص ۲۷)

- میاں محمد نارگ
  - میاں شیر محمد
    - مولوی نور محمد
      - عطا محمد
      - دل محمد
      - نور احمد
      - غلام جیلانی
  - غلام قادر
  - غلام لیسین
    - رشید
    - بشیر
  - محمد عاشق
    - نذیر احمد

Marfat.com

باب چہارم

حضرت میاں شیر محمد شرق پوریؒ

از قلم شیخ محمد شفیع

ولادت و وصال

حضرت میاں شیر محمد شرقپوریؒ ۱۲۸۲ھ میں بمقام شرقپور (ضلع شیخوپورہ) پیدا ہوئے۔ آپ کا سن وصال ۱۳۴۷ھ ہے۔

ابتدائی حالات

آپؒ کے والد بزرگوار کا اسم گرامی میاں عزیزالدینؒ تھا۔ خزینۂ معرفت میں صوفی محمد ابراہیم قصوریؒ نے لکھا ہے کہ آپ کی پیدائش سے پہلے ایک بزرگ شرقپور تشریف لائے اور جس محلے کو آپ کے مولد ہونے کی سعادت حاصل ہے، وہاں آکر اس طرح لمبے لمبے سانس لینے لگے۔ جیسے کوئی خوشبو سونگھتا ہے۔ حاضرین کے استفسار پر انہوں نے فرمایا کہ یہاں ایک مرد مومن پیدا ہوگا۔ اور پھر میاں عزیزالدین صاحبؒ کے گھر کی طرف اشارہ کیا۔

آپؒ نے قرآن پاک کے علاوہ عربی فارسی کی مروجہ ابتدائی کتب پڑھیں اور فن کتابت میں بھی مہارت حاصل کی جوانی کے ابتدائی دنوں میں حضرت خواجہ امیرالدین صاحب (کوٹلہ شریف والی سرکار) شرقپور آتے اور آپؒ

Marfat.com

کے دادا بزرگوار کے یہاں مسجد میں قیام فرماتے۔ حضرت خواجہ امیرالدین صاحبؒ نے آپ کو بیعت کی ترغیب دی۔ شروع شروع میں تو آپ کی طبیعت نہ مانی۔ لیکن بالآخر آپؒ نے حضرت خواجہ امیرالدینؒ کے دست حق پرست پر بیعت کی۔

بیعت کے بعد کافی عرصہ تک آپ پر جنون و بے خودی کی حالت طاری رہی۔ دیوانہ وار اپنا گریبان چاک کر ڈالتے اور ویرانوں میں بھاگ جاتے جذب و مستی کے طویل دور کے بعد آپ کی ذات میں جب ہوش و خرد کے آثار پوری طرح نمایاں ہو گئے تو پیر و مرشد نے آپ کو خلعت خلافت عطا کیا۔ اور بھٹکے ہوئے انسانوں کو راہ مستقیم دکھانے کا مقدس فرض سونپا۔

انگریز سے نفرت

حضرت میاں شیر محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک ایسے دور میں ہوئے جب انگریزی تہذیب و تمدن کی برتری تسلیم کر لی گئی تھی اور اسلامی روایات کو ہندی مسلمانوں کے تنزل کا باعث سمجھا جانے لگا تھا۔ لوگ کھلے بندوں سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ کہنے لگے تھے ___ روحانی اور مادہ پرستی کے شکنجے میں پوری طرح جکڑی جا چکی تھیں،۔

ایسے پرآشوب دور میں آپ نے معاشرتی برائیوں کے خلاف جہاد کیا اور اصلاح امت کا بیڑہ اٹھایا۔ مسلمانوں کو اسلام کی سچی تعلیمات

Marfat.com

سے رجوع کرنے اور فرنگی طور طریقوں سے گریز کرنے کی سختی کے ساتھ تلقین کی۔ گریجویٹ نوجوان جب حاضر خدمت ہوتے تو آپ ان سے بسم اللہ کے معانی پوچھتے۔ وہ معانی نہ بتا سکتے تو اظہار افسوس فرماتے کہ یہ ہمارے پڑھے لکھے نوجوانوں کا ہے۔ دنیاوی تعلیم پر ایک عمر اور بے تحاشہ روپیہ صرف کیا۔ مگر بسم اللہ کے معانی تک سے نہ آشنا ہے۔ انگریزی تعلیم تربیت اور طرز معاشرت سے آپ کو اس قدر نفرت تھی کہ بڑے بڑے افسروں کو خاطر میں اور عزیز رشتہ داروں کو ٹوکنے سے گریز نہ کرتے ملک زمان مہدی (جو اس وقت ضلع گجرات کے ڈپٹی کمشنر تھے) اور سر محمد شفیع (جو آپ کے خالہ زاد بھائی تھے) کے سامنے بھی آپ نے فرنگی تہذیب کی مذمت کی اور انہیں سنت نبوی کی پیروی کرنے کی تلقین کی۔ آپ یہ بھی پسند نہ فرماتے کہ آپ کے عقیدت مند کسی بھی معاملے میں انگریزی عدالتوں یا قانون سے رجوع کریں۔ اس کے برعکس آپ معاملات کو مقامی پنچایتوں میں طے کر لینے کی تلقین فرماتے۔

پابندی شریعت کا مفہوم

حضرت میاں شیر محمدؒ کو شریعت اسلامی سے عشق تھا، کوئی کام شریعت کے خلاف ہوتا تو سخت ناپسند فرماتے، خود بھی اسلامی آداب کی پابندی فرماتے اور دوسروں سے بھی یہی توقع رکھتے۔ آپ کے نزدیک شریعت کی پابندی محض نماز روزہ تک محدود نہ تھی۔ بلکہ آپ باہمی معاملات کی درستگی کو دین کا تین چوتھائی حصہ سمجھتے تھے۔ اکثر علماء دین آپ کی خدمت

Marfat.com

میں حاضر ہوتے تو آپ اُن سے شریعت کی پابندی کے بارے میں پوچھتے جب وہ کہتے کہ شریعت کی پابندی ہو رہی ہے لوگ نمازیں پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں تو آپ فرماتے کہ آپس میں محبت، خلوص اور ہمدردی کے رشتے استوار نہ ہوں تو شریعت کی پابندی کیسے ہو سکتی ہے

عادات و اخلاق

حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ کی طبیعت میں انکساری اور فروتنی اس قدر تھی کہ "پیر" کہلانا بھی پسند نہ فرماتے اور نہ ہی کسی کو مرید کہتے، مرید کی بجائے آپ لفظ "بیلی" کو ترجیح دیتے۔ کسی "بیلی" یا ملاقاتی کو جوتی کو ہاتھ لگانے کی اجازت نہ دیتے۔

اگر کوئی آپ کی جوتی اٹھا کر آپ کے سامنے رکھتا تو افسوس کا اظہار فرماتے۔ اگر آپ خود چارپائی پر تشریف فرما ہوتے تو کسی کو نیچے نہ بیٹھنے دیتے آپ کو تصنع و نمائش سے سخت نفرت تھی۔ کسی کے گلے میں تسبیح دیکھتے تو آپ فرماتے اللہ کے واسطے پڑھا کرو۔ لوگوں کو دکھانے کی کیا ضرورت ہے آپ کی خدمت میں غیر مسلم بھی حاضر ہوتے جو اس بات کا کھلا ثبوت رہے کہ آپ غیر مسلموں سے بھی محبت و شفقت کا سلوک فرماتے تھے۔ صاحبزادہ محمد عمر صاحب نے "انقلاب الحقیقت" میں لکھا ہے کہ آپ غیر مسلموں سے بھی محبت سے گفتگو فرماتے اور ان سے معانقہ کرتے۔

حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ کو نذرانے وصول کرنے سے بھی سخت نفرت تھی۔ ایک دفعہ ایک حاکم ضلع نے پانچ روپے آپ کی نذر کرنا چاہے

Marfat.com

آپ نے نذر قبول کرنے کی بجائے ایک روپیہ اپنی جیب سے نکال کر اسے دیا اور ساتھ ہی پابندی شریعت کی تلقین کی۔

آپ کی ذات گرامی جلال و جمال کا ایک حسین امتزاج تھی۔ صاحب "انقلاب الحقیقت" لکھتے ہیں: "آپ کا جلال کسی کو آگے نہ بڑھنے دیتا تھا اور جمال کسی کو رہنے نہ دیتا تھا جو ایک بار حاضر ہوا پھر عمر بھر اسی در دولت کا ہی غلام رہا۔ ۔ ۔ ۔ ادنیٰ و اعلیٰ کو دم مارنے کی مجال نہ تھی لیکن ساتھ ہی کہتر و بہتر آپ کی محبت کے دعویدار تھے۔"

شجرہ نسب سکندر شاہ (ہاشمی قریشی آف شرقپور)



Marfat.com

لاہور چرچ کونسل شرقپور (رجسٹرڈ)

خطہ پاک شرقپور شریف میں جہاں مسلمان اکثریت سے آباد ہیں ۔غیر مذاہب میں فقط مسیحی لوگ ہیں چونکہ تقسیم ہند کے ایام ہندو سکھ نقل سکونت کر کے یہاں سے بھارت جا چکے تھے ۔البتہ قلعہ دھرم سنگھ ، سکھاں دا بنگلہ وغیرہ ان کی یاد اب تک تازہ کئے ہوئے ہے ۔ رومن کیتھولک اور پروٹسٹنٹ دو گروہ ایسے ہیں جن کے ماننے والے شرقپور کے علاوہ گردو نواح میں بھی مقیم ، پروٹسٹنٹ کی ایک نئی شاخ جو پریس بیٹرین چرچ آف امریکہ سے ملحق تھی اب "لاہور چرچ کونسل شرقپور" کے نام سے منظر عام پر آ چکی ہے جو بڑی تیزی سے مقبول عام ہوتی جا رہی ہے ۔

لاہور چرچ کونسل شرقپور ۱۰ فروری ۱۹۷۰ء کو سوسائٹی ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوئی ۔ لاہور چرچ کونسل شرقپور کے سرکردہ حضرات کے اسماء گرامی ذیل میں درج ہیں ۔

سربراہ :۔ ریونڈر جنگ بہادر

سیکرٹری :۔ پادری ایرک جنگ بہادر

لاہور چرچ کونسل شرقپور جناب ریونڈر جنگ بہادر صاحب کی مرہون منت ہے ۔ جنہوں نے سالہا سال کی انتھک محنت اور تبلیغ سے مسیحی افراد میں اس مشنری کے عقیدہ پر ایمان رکھنے والوں میں نئی روح پھونک کر مقبولیت کا دامن تھام لیا ہے ۔ جس کے لئے صاحب موصوف ہی کا نام گرامی تاریخ خطہ شرقپور میں ہمیشہ سنہری حروف میں لکھا جائیگا

Marfat.com

تحریر:۔ وقار انبالوی

عیسائیت نے بائبل پر اعتراض کرنیوالوں کے آگے ہتھیار ڈال دیئے

بائبل کو الہامی کتاب تسلیم کرنے سے انکار کر دیا گیا

ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں عیسائیت کی تبلیغ و تشہیر کا کام زیادہ تر پریس بائی ٹیرین چرچ کے ہاتھ میں ہے۔ یہ چرچ پروٹسٹنٹ فرقہ کی ہی ایک شاخ ہے۔ برطانیہ میں جب پروٹسٹنٹ تحریک کو فروغ حاصل ہوا تو سکاٹ لینڈ میں ایک پروٹسٹنٹ پادری جان کالون نے کیتھولک عیسائیوں کے نظام کلیسا کے متوازی (لیکن قدرے مختلف) اس نئے نظام کی تحریک کی۔ کہ مطلق العنان پوپ یا آرچ بشپ کی جگہ پادری رائے عامہ سے منتخب ہوں۔ اور پھر یہ پادری اور عوام مل کر ایک ایسی کمیٹی کا انتخاب کریں۔ جو پروٹسٹنٹ کلیسا کے لئے ہیئت مقتدرہ ہو چنانچہ یہ نظام جب لوگوں میں مقبول ہوا تو اسے پریس بائی ٹیرین کا نام دیا گیا۔ اور تھوڑی سی مدت میں پریس بائی ٹیرین چرچ عیسائی دنیا میں مقبول ہو گیا۔ برطانیہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، کینیڈا اور ریاست ہائے متحدہ میں اسے بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ امریکہ میں اسے یونائیٹڈ (UNITED-PRES BYTERIEN) چرچ کا نام دیا گیا اور اسے بڑی وسیع اور مضبوط بنیادوں پر استوار کر کے اس کی طرف سے دنیا بھر میں تبلیغی اور تعلیمی مشن قائم کئے گئے۔ پاکستان میں اس چرچ کی طرف سے بے شمار مشن ہاؤس قائم ہیں اور کئی کالج ہائی سکول اور ابتدائی مدرسے اسی چرچ کی زیر نگرانی چل رہے ہیں۔ سیالکوٹ کا مرے کالج (جس میں مفکر اسلام، ترجمان حقیقت شاعر مشرق اور پاکستان کا تصور دینے والے علامہ اقبال نے بھی تعلیم پائی۔ اسی چرچ کا قائم کردہ ہے اور لاہور میں فورمین کرسچین کالج بھی اسی چرچ کے زیر اثر ہے۔ گوجرانوالہ میں عیسائی مبلغین کا ایک تربیتی ادارہ بھی اس مشن کی نگرانی میں چل رہا ہے۔ اور مغربی پاکستان میں مسلمانوں نے زیادہ تر عیسائیت کو اسی چرچ کی سرگرمیوں کی وجہ سے قبول کیا۔ پریس بائی ٹیرین کے چرچ کے پاکستانی پادریوں کے نام اکثر و بیشتر اسلامی ہی ہیں۔ کیونکہ وہ پیدائشی مسلمان تھے۔ بعد میں عیسائی ہوئے۔

Marfat.com

اسی چرچ نے آج سے کوئی چار سو برس پہلے (کہ امریکہ ابھی دریافت نہیں ہوا تھا) انگلینڈ میں اپنا جو دستور اساسی مرتب کیا اس میں انجیل کے بارے میں چرچ نے اپنے عقیدہ کو ان الفاظ میں معین و مرتب کیا:-

"انجیل مقدس پر ایمان لانے اور اس کی ہدایات پر عمل کرنے کے لئے کسی شخصی شہادت یا چرچ کی تصدیق پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ انجیل کی عظمت و تقدیس کا انحصار کلیتہً خدا کی ذات برحق پر ہے۔ جس نے اسے نازل کیا۔ اس پر ایمان اس لئے لانا چاہیئے کہ یہ خدائے بزرگ و برتر کا پاک کلام ہے۔"

اور اسی دستور اساسی کا نام ویسٹ منسٹر کن فے شن رکھا اور چار صدیوں سے کچھ زیادہ مدت تک اس چرچ کا عقیدہ انجیل کے بارے میں یہی رہا۔ کہ یہ الہامی کتاب اور خدا کا ایسا کلام ہے جو تحریف سے پاک ہے اور جب کبھی دنیا کے کسی گوشے سے یہ آواز اٹھی کہ موجودہ بائبل کلیتہً الہامی کتاب نہیں بلکہ اس کا کچھ حصہ محرّف تو اس کی بڑے زوروں سے تردید کی گئی۔ تحریف کا اعتراض غیر عیسائی عالموں ہی کی طرف سے نہیں بلکہ بسا اوقات خود عیسائی علماء اور اہل فکر و نظر کی طرف سے بھی اٹھایا گیا۔ لیکن پریس بائی ٹیرین چرچ نے ہمیشہ مدافعت کی اور چرچ اسی عقیدہ پر رہا جس کا ذکر ویسٹ منسٹر کن فے شن میں تھا اور جس کا حوالہ اوپر آ چکا ہے۔

نیا اقرار:- ۱۹۶۷ء کی دوسری سہ ماہی میں پریس بائی ٹیرین چرچ کی جنرل اسمبلی کا اجلاس ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں ہوا اس میں ویسٹ منسٹر کن فے شن سے دست برداری کا نہیں تو بڑی حد تک بیزاری کا اعلان کیا گیا۔ اور پرانے عقیدہ میں تبدیلی کی ضرورت محسوس کی گئی۔ مذاہب عالم کی تاریخ اور مذاہب کے ماننے والوں کے عروج و زوال پر نظر رکھنے والے ایک طبقے کا خیال تو یہ ہے کہ سائنسی ترقی کے اس دور میں اور تجسس حقیقت اشیاء کی دوڑ کے اس زمانے میں کہ انفرادی رائے کا احترام لازمی ہو گیا ہے۔ اجتماعی عقائد نظر ثانی کے محتاج ہو گئے ہیں۔ اس انجیل مقدس کے تمام مندرجات کو تسلیم کرنے یا اسے کلیتہً الہامی کلام ماننے کی گنجائش قدرتی طور پر کم ہو گئی ہے۔ لیکن بعض لوگوں کا خیال ہے کہ دنیا میں کمیونزم اور سوشلزم کے بڑھتے ہوئے سیلاب کے مقابلے میں (خصوصاً اسی صورت میں کہ امریکہ اور روس

Marfat.com

میں ہم وجودیت کے احترام کا سمجھوتہ بھی ہو چکا ہے۔) مذاہب کے پرانے نظریوں کے قدم نہیں جم سکتے۔ اس لئے اہل مذہب اپنے عقائد میں ترمیم کی ضرورت محسوس کرنے لگے ہیں اصل میں یہ دونوں خیال بے بنیاد ہیں۔ اس لئے کہ کمیونزم اور سوشلزم اور عصر حاضر کی تحریکیں ہیں اور سائنسی ترقی بھی کچھ زیادہ عمر نہیں رکھتی۔ لیکن اہل مذاہب اور اہل کتاب میں ایک طبقہ ہمیشہ ہی ایسا موجود رہا ہے۔ جس نے یا تو دانستہ اپنے عقائد کی محبت میں اندھا ہو کر ان سے قدرے روگردانی کی۔ یا دانستہ ان کی روح کو نہ سمجھنے کے باعث ان میں ترمیم و تنسیخ کی ضرورت محسوس کی۔ تاریخ مذاہب میں ایسی مثالیں بے شمار ہیں لیکن پریس بائی ٹیرین چرچ نے ۱۹۶۷ء میں انجیل کے بارے میں جس ترمیم و تبدیلی پر زور دیا ہے وہ تو عیسائی عقائد کی جڑیں ہلا دیتی ہے۔ نئے اقرار (NEW CONFESSION) کا جو مسودہ تیار کیا گیا ہے اس کا اقتباس ملاحظہ فرمائیے:۔

"اناجیل اگرچہ روح القدس کے توسل سے تصنیف ہوئیں تاہم وہ انسانوں کا کلام ہیں اور انسان ہمیشہ اپنے ادبی ماحول، مقامی حالات اور زبان و بیان سے متاثر ہوتا ہے۔ اس لئے حیاتِ انسانی، تاریخ انسانی اور کائنات سے انسان کے تعلق کے سلسلہ میں وہ اپنی نظریات کی حد تک رہتے ہیں۔ جو ان کے زمانے میں مروج ہوں لہٰذا آج بھی چرچ کا فرض ہے کہ وہ ایسی ہی افہام و تفہیم کیساتھ انجیل کو تاریخی اور ادبی ماحول میں سمجھے اور پرکھے۔"

اس متن سے ظاہر ہے کہ اب پریس بائی ٹیرین مجموعہ اناجیل کو کلیتہً "الہامی اور خدا کا کلام نہیں سمجھتا اور محض یہ تسلیم ہی نہیں کرتا کہ اس مجموعہ میں انسانوں نے ادل بدل سے کام لیا۔ بلکہ اس امر پر بھی زور دیتا ہے کہ یہاں بھی اپنے علمی، ادبی اور طبی ماحول کے مطابق اس میں ادل بدل کا حق ہے۔ اس طرح پریس بائی ٹیرین چرچ اپنا حق منوانا چاہتا ہے کہ وہ بائیبل کے جس حصے کو چاہے تسلیم کرے اور جس حصے کو چاہے محرف سمجھ کر رد کر دے۔ یا اس میں خود اپنی مرضی کے مطابق تحریف کرے۔

اس مسودے کے شائع ہوتے ہی عیسائی دنیا میں تہلکہ مچ گیا اور اسی چرچ نے ایک مجلس عمومی یعنی (LNY COMMETEE) قائم کی۔ جو یہ انتظام کرے کہ کسی طرح نیا مسودہ اقرار کی توثیق رک جائے۔ چنانچہ اس کمیٹی نے نئے مسودے کی توثیق کو روکنے کیلئے بڑے پیمانے پر اور بڑے خرچ پر نشرواشاعت کی

Marfat.com

لاہور چرچ کونسل شرقپور رجسٹرڈ نے ان دنوں چونکہ لاہور چرچ کونسل جس کا الحاق پریس ٹیرین چرچ آف امریکہ سے ہے علیحدہ کر دیا ہے۔ چونکہ لاہور چرچ کونسل نے اپنا عقیدہ جسے ۱۹۶۷ء کا عقیدہ کہتے ہیں، قبول اور منظور کر لیا تھا، لہٰذا اس بنیادی اختلاف کی وجہ سے لاہور چرچ کونسل کے دو گروہ ہو گئے ہیں۔

۱۔ لاہور چرچ کونسل آف لاہور

۲۔ لاہور چرچ کونسل شرقپور (رجسٹرڈ)

بنیادی اصول اور تاریخی واقعات

لاہور چرچ کونسل نے چونکہ اپنا عقیدہ بدل لیا ہے۔ لہٰذا ۱۹۶۷ء کے عقیدہ کے مطابق جناب پادری جنگ بہادر صاحب نے لاہور چرچ کونسل کو علیحدہ کر کے مورخہ ۱۲ر اکتوبر ۱۹۶۸ء کو بمقام شرقپور ایک کنونشن طلب فرمایا۔ لہٰذا بنیادی اصولوں کے تحت نئے عقیدہ کو ماننے سے انکار کرنے والوں نے جناب پادری ریورنڈ جنگ بہادر صاحب کی قیادت میں لاہور چرچ کونسل شرقپور کے نام سے علیحدہ چرچ قائم کیا۔ جس کے ان دنوں تقریباً ۴۰ ہزار مسیحی ممبر ہیں۔ لاہور اور شیخوپورہ اضلاع میں ۴۲ کلیسیا ہیں جہاں ۶ پادری ۱۰ اُستاد اور ۱۶۵، ایلڈرز صاحبان ہیں جو ان ۴۰ ہزار افراد کو مسیحی تعلیم دیتے ہیں۔ ان لوگوں کا عقیدہ اور ایمان یہ ہے۔

★ — بائبل مقدس پر ایمان رکھنا جس کے دو حصے ہیں،

★ — پرانا اور نیا عہد نامہ

★ — پرانا عہد نامہ میں حضرت عیسیٰ مسیح کی پیدائش اور فروغ کا ذکر شامل ہے۔

★ — کلام اللہ جو بائبل مقدس میں پیش کیا گیا۔ اس پر مکمل اعتماد اور ایمان رکھنا۔

Marfat.com

★ ـ پرانا عہد نامہ (پیدائش سے لیکر ملاکی نبی کی کتاب تک)

★ ـ نیا عہد نامہ (متی سے لے کر مکاشفہ تک)

پریسبیٹیرین چرچ آف امریکہ نے چونکہ اپنا عقیدہ بدل لیا ہے جس کی جھلک ذیل میں ہے ہے ا ـ کلام مقدس بائیبل کو نہ صرف خدا کا کلام بلکہ اس میں انسانی کلام کو بھی قبول کیا۔

۲ ـ کنواری مقدسہ مریم کے بطن سے حضرت یسوع مسیح کی پیدائش سے انکار۔

۳ ـ مسیح کی مصلوبیت بحیثیت کفارہ سے بھی انکار۔

۴ ـ حضرت یسوع مسیح کا زندہ آسمان پر جانے سے بھی انکار

پریسبیٹیرین چرچ آف امریکہ کا کلیسائی ادارہ جس کو جنرل اسمبلی کہتے ہیں اس نے جب ۱۹۶۷ء میں مندرجہ بالا عقیدہ قبول کیا تو لاہور چرچ کونسل نے بھی تائید فرمائی۔ جس کے برعکس جنگ بہادر پادری نے انکار کرتے ہوئے علیحدگی اختیار کر لی ہے۔ جو روز روشن کی طرح عیاں حقیقت پر مبنی ہے۔ لاہور چرچ کونسل شرقپور کا ہیڈ کوارٹر شرقپور ہے۔

جناب پادری ریونڈر جنگ بہادر صاحب کی زندگی کا مختصر خاکہ آئندہ صفحات پر از قلم وقار انبالوی آپ نے ملاحظہ کر لیا ہے ذیل میں ان کے فرزند ارجمند پادری ایرک جنگ بہادر کے بارے چند حروف سپرد قلم کرتا ہوں۔

پادری ایرک جنگ بہادر:-

ولادت ـ ۸ر جنوری ۱۹۳۷ء

تعلیم ـ میٹرک شرقپور

ابتدائی زندگی میں آپ نے فلمی دنیا سے وابستہ ہو کر چند ایک فلموں میں اداکاری شروع کی۔ قابل ذکر فلموں کے نام یہ ہیں۔ تین اور تین، اپنی آگ، ملزم ۱۹۶۶ء میں آپ کی والدہ اور اہلیہ نے فلمی دنیا کو خیرباد کہنے کو کہا جسے صاحب موصوف نے قبول کرتے ہوئے نئی زندگی کا آغاز کیا۔ ۱۹۶۸ء سے ۱۹۷۱ء تک بحیثیت ایلڈر کام کیا اور ساتھ ہی ساتھ اسسٹنٹ سیکرٹری کے فرائض بھی سرانجام

Marfat.com

